Text of Midday Urdu Bulletin 12:30 hrs /20-08-2017

CM- Kargil

وزیراعلیٰ محبوبہ مفتی نے اُمید ظاہر کی ہے کہ یوم آزادی کے موقعہ پر وزیر اعظم نریندر مودی کے کشمیر سے متعلق بیان سے ریاست کے حالات میں تبدیلی آئے گی، جیسا کہ سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپائی کے دورِ اقتدار میندیکھا گیا تھا۔حسینی پارک کرگل میں ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے 2002ءکے دوران اٹھائے گئے اُن متعدد اقدامات کا ذکر کیا جن سے ریاست کے حالات میں واضح تبدیلی آئی تھی اور اِن عوام دوست اقدامات کے نتیجے میں دو ممالک کے درمیان رشتے استوار ہو گئے تھے۔ریاست میں ایل او سی پر مزید راستے کھولنے کی وکالت کرتے ہوئے محبوبہ مفتی نے کہا کہ انہوں نے کرگل۔ اسکردو راستہ کھولنے کا معاملہ مرکز کے ساتھ اُٹھایا ہے اور اس طرح ریاست جموں و کشمیر اقتصادی سرگرمیوں کی آماجگاہ بنے گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ان کی پارٹی نے زوجیلا پاس پر ٹنل تعمیرکرنے کا وعدہ کیا تھا اور بہت جلد اس پروجیکٹ کام شروع کیا جارہا ہے ۔قصبے کیلئے سڑکو نکانیٹ ورک کے احیائے نو کے لئے انہوننے 15کروڑ روپے کی واگذاری کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہاکہ ان کی حکومت نے لداخ خطے میں کام کررہے اساتذہ کے مشاہرہ کو دوگنا کرنے کا پہلے ہی فیصلہ کیا ہے۔ اُنہوں نے قصبے میں زنانہ کالج کھولنے اور ہوائی و ریل سروس کی فراہمی کے امکانات تلاش کرنے کے بھی احکامات دئیے۔ اس موقعہ پر وزیراعلیٰ نے قصبہ میں 12 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیرکی جانے والی واٹر سپلائی سکیم کے کام کا آغاز کیا۔اسکے علاوہ اُنہوں نے 19کروڑ روپے لاگت والے ڈسٹربیوشن نیٹ ورک کابھی سنگِ بنیاد رکھا ۔

General Rawat

آرمی چیف جنرل بپن راوت آج سے لداخ کا تین روزہ دورہ کررہے ہیں۔ دورے کے دوران آرمی چیف چین کے ساتھ لگنے والی سرحد پر سیکورٹی تیاریوں کا جائزہ لیں گے۔ذرائع نے کہا ہے کہ جنرل راوت ٹاپ ملٹری کمانڈروں کے ساتھ آپریشنل معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے۔

Train Accident

ریلوے اسٹیشن کے نزدیک کل شام ہری دوار جانے **Khatauli** اترپردیش کے مظفر نگر ضلع میں والی اُتکل ایکسپریس کے 14ڈبے پٹری سے اتر گئے جس میں کم از کم 23افراد ہلاک اور تقریباًَ 100لوگ زخمی ہو گئے۔ یہ ٹرین اُڈیسہ میں پوری سے آرہی تھی اور اترکھنڈ میں ہری دوار کیلئے جار رہی تھی۔ زخمیوں کو مختلف اسپتالوں میں داخل کیا گیا ہے۔ ریلوے کے وزیر سریش پربھو نے ایک ٹویٹ میں کہا ہے کہ بچاؤ کاروائیاں مکمل کر لی گئی ہیں اور بحالی کا کام شروع کر دیا گیا

ہے۔ وزیر موصوف نے اس حادثے کی انکوئری کا حکم دیا ہے۔اس دوران صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند اور وزیر اعظم نریندر مودی نے اس حادثے پر گہرے غم و رنج کا اظہار کیاہے۔

Zulfkar Ali

خوراک، شہری رسدات اور امور صارفین کے وزیر چودھری ذوالفقار علی نے کل کہا کہ حکومت تمام سطحوں پر راشن کی چوری روکنے کے لئے پُر عزم ہے اور اس مقصد کے لئے فُل پروف نگرانی کے طریقہ کار کے علاوہ مینول نگرانی کو کام میںلگایا گیا ہے۔وزیرنیشنل فوڈ سیکورٹی ایکٹ اور مفتی محمد سعید فوڈ انٹائٹلمنٹ سکیم کے ایک جانکاری کیمپ سے خطاب کر رہے تھے ۔ انہوں نے کہاکہ ریاست کے بی پی ایل مستحقین کی تعداد 49 لاکھ سے 75 لاکھ تک بڑھ گئی ہے اور متعلقہ افسروں و راشن ڈیلروں سے کہا گیاہے کہ وہ ہرماہ15 تاریخ سے قبل لوگوں کو راشن فراہم کریں۔وزیر نے یقین دلایا کہ لوگوں کو کھانڈ پہلے ہی طرح **Subsidized** قیمتوں پر فراہم کی جائے گی اگر چہ مرکزی سرکار نے یہ سہولیت روک لی ہے۔

Education

سکولی تعلیم کے سیکریٹری نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی ہے کہ وہ 15 ستمبر تک غیر تربیت یافتہ اساتذہ کی رجسٹریشن عمل کو مکمل کریے۔ اس سلسلے میں منعقد میٹنگ میں بولتے ہوئے سکریٹری موصوف نے کہا ہے کہ اِن سروس غیرتربیت یافتہ اساتذہ کےلئے المنٹری ایجوکیشن پروگرام میں ڈپلومہ حاصل کرنے کا مقصد تعلیمی معیار میں بہتری لانا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایچ آر ڈی منسٹری سے جاری تازہ راہنما خطوط کے تحت انڈر گریجویٹ اساتذہ کےلئے ڈپلومہ ان ایجوکیشن اور گریجویٹ اساتذہ کےلئے بی ایڈ کو لازمی قرار دیا گیا ہے۔سیکریٹری موصوف نے غیر تربیت یافتہ اساتذہ سے کہا کہ وہ نیشنل انسٹی چیوٹ فار اوپن سکولنگ کی ویب سائٹ پر اندراج کرائیں۔

Bhiar Flood

بہا ر میں سیلاب کی صورتحال مزید خراب ہو گئی ہے۔ شمالی بہار میں نئے علاقے زیر آب ہو گئے ہیں۔ پچھلے 24گھنٹے میں مزید 33لاشوں کے ملنے کے بعد سیلاب سے مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 205ہو گئی ہے۔ 20اضلاع کے ایک کروڑ 23لاکھ سے زیادہ لوگ سیلاب سے متاثر ہوئے ہیں۔ راحت اور بچاؤ کاروائیاں پورے زور و شور سے جاری ہیں۔

اسی دوران اترپردیش میں سیلاب کی صورتحال اب بھی سنگین ہے۔ سیلاب سے متاثر لوگوں کیلئے کھانے کے پیکٹ گرانے کیلئے فضائیہ کے ہیلی کاپٹر کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔

Rajiv Gandhi

قوم آج سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کو ان کی 73ویں سالگرہ پر یاد کر رہی ہے۔ بھارت کے سابق صدر جمہوریہ پرنب مکھرجی، کانگریس صدر سونیا گاندھی، کانگریس کے نائب صدر راہل گاندھی ، دلی کی سابق وزی راعلیٰ شیلا دکشت اور پرینکا گاندھی واڈا نے قومی راجدھانی میں ان کی سمادھی پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر ملک کے مختلف حصوں میں بہت سے پروگرام منعقد کئے گئے ہیں۔

Handicarfts

ہینڈلوم اور ہینڈی کرافٹس ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے وائس چیئر مین نے کہا ہے کہ حکومت دستکاروں کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے اور جموں و کشمیر کی دستکاریوں کو فروغ دینے کیلئے وعدہ بند ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تمدنی اور اقتصادی اہمیت کو تحفظ دینے کیلئے ان دو شعبونکے کام کو سراہتی ہے۔انہو ننے مزید کہا کہ ہینڈلوم اور دستکاری اشیا کی مانگ متعلقہ ایجنسیوں کے معیار کو برقرار رکھنے اور سیلزمینوں اور مارکیٹنگ منیجرس کی لگن اور تن دہی سے بڑھ سکتی ہے۔

Cricket

بھارت اور سری لنکا کے درمیان پانچ ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کا پہلا میچ آج **Dambula** میں کھیلا جائےگا۔ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ڈھائی بجے شروع ہو گا۔ بھارتی ٹیم کی قیادت وراٹ کوہلی کریں گے جبکہ سری لنکا کی قیادت **Upul Tharanga** کریں گے۔ بھارت سری لنگا سے تین ٹسٹ میچوں کی سریز پہلے ہی تین صفر سے جیت چکا ہے۔